ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔021-99212639

پریس ریلیز

کراچی 03 مئی 2019ء:۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے کہا کہ شہدائے پولیس نے عوام کے جان و مال کی سلامتی اور قیام امن کی خاطر جو قربانیاں دیں ہیں ان پر میرا ہی نہیں بلکہ پوری سندھ پولیس کا انہیں خراج عقیدت ہے۔شہدائے پولیس کا احترام ہمارے دلوں میں ہے اور انکے اہل خانہ پہلے کی طرح اب بھی سندھ پولیس کا ہی ایک حصہ ہیں۔ ہماری یہ کوشش ہوتی ہے کہ ہم انھیں پولیس کے ہر ایونٹ یا خصوصی تقریب میں بالخصوص مدعو کریں اور انکی فلاح و بہبود کے لیئے مزید بہتر اور زیادہ سے زیادہ اقدامات کو یقینی بنائیں تا کہ وہ کسی بھی لمحے اپنے آپکو تنہا محسوس نہ کریں۔

ترجمان سندھ پولیس نے کہا کہ یکم مئی کو آرٹس کونسل کراچی میں منعقدہ ایک تقریب میں چائنا قونصلیٹ حملے میں شہید ہونیوالے کانسٹیبل محمد اشرف کی والدہ کی فرش پر بیٹھ کر کھانا کھانیکے حوالے سے جو تصویر سوشل میڈیا پر ریلیز کی گئی ہے اس پر ایڈیشنل آئی جی کراچی ڈاکٹر امیر شیخ کی خصوصی ہدایت پر ایس پی سہائے عزیز نے بذاتِ خود شہید کانسٹیبل کی والدہ اور بھائی سے ملاقات کی اور مذکورہ تصویر کی بابت ان سے دریافت کیا جس پر شہید کانسٹیبل محمد اشرف کے بھائی نے بتایا کہ میری والدہ شوگر اور بلڈ پریشر کی مریضہ ہیں اور وہ کھڑے ہو کر کھانا نہیں کھا سکتی تھیں جبکہ تقریب میں سب کھڑے ہو کر کھانا کھا رہے تھے اس لیئے میری والدہ نے نیچے بیٹھ کر کھانا کھایا۔شہید کے بھائی نے مزید بتایا کہ ہم بحیثیت شہید کی فیملی سندھ پولیس کے جملہ اقدامات سے مطمئن ہیں سندھ پولیس ہمارا بہت خیال رکھتی ہے بالکل ویسے ہی جیسے کوئی سربراہ اپنے خاندان کا خیال رکھتا کرتا ہے۔

:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔